ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021 99212639

سندھ بھر سے منظم کرپشن اور تھانہ بیٹ کلچر کو ختم کیا جائے۔ آئی جی سندھ

قبائلی جھگڑوں کی روک تھام میں پولیس اپنا کردار بخوبی انجام دے۔ غلام نبی میمن

کراچی05جولائی2022؁۔

آئی جی سندھ کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس میں صوبے بھر میں امن وامان کی صورتحال مختلف پہلوؤں اور زاویوں سے جائزہ لیا گیا اور مذید ضروری ہدایات دی گئیں۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ عیدالاضحٰی کے موقع پر سادہ لباس اہلکاروں کو ناصرف خصوصی ذمہ داریاں تفویض کی جائیں بلکہ امن وامان کے حوالے سے اسپیشل برانچ پولیس کے کردار کو بھی مذید مؤثر بنایا جائے جبکہ موٹرسائیکل،کاروں کی چوری/چھینے جانے،ہاوس رابریز، اسٹریٹ کرائمز اور ڈکیتی جیسی وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاریوں میں اسپیشل برانچ سندھ کے متعلقہ پولیس سے تعاون جیسے اقدامات بھی یقینی بنائے جائیں۔

انہوں نے اجلاس میں شریک افسران سے دریافت کیا کہ موٹر سائیکل لفٹنگ میں ملوث ملزمان/گروہوں کی نشاندھی پر مشتمل فہرست پر ابتک متعلقہ پولیس نے کیا کاروائی کی بتایا جائے۔

آئی جی سندھ نے ہدایات دیں کہ منشیات فروش ملزمان اور گروہوں کی یقینی گرفتاری اور ایسے کیسز کی مؤثر تفتیش کی بدولت انھیں مثالی سزاؤں کے عمل کو یقینی بنایا جائے۔جبکہ ہاوس رابریز میں ملوث ملزمان کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے۔

آئی جی سندھ نے اس بات پر زور دیا کہ ڈیوٹی وقت پر جوائن کریں،عوام کو وقت دیں اور انکے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پرحل کریں علاوہ اذیں ایف آئی آرز کی فری رجسٹریشن کو یقینی بنایا جائے بصورت دیگر ایف آئی آر کے عدم اندراج یا تاخیری حربوں پر متعلقہ ایس ایچ اوز کو شوکاز نوٹسز جاری کیئے جائیں گے۔

مذید برآں انہوں نے جھوٹی ایف آئی آرز کے اندراج کو ختم کیا جائے اور ایسی رپورٹس پر مدعی مقدمہ اور اندراج کنندہ پولیس آفیسر کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی کو یقینی بنایا جائے۔

آئی جی سندھ نے ہدایات دیں کہ مقدمات کی تفتیش کے معیار کو مذید بہتر اور نتیجہ خیز بنایا جائے اور مقدمات کی تفتیش پر ہونیوالے اخراجات کی بروقت اور فوری فراہمی کے عمل کو یقینی بنایا جائے۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ سندھ بھر سے منظم کرپشن اور تھانہ بیٹ کلچر کو ختم کیا جائے۔علاوہ اذیں قبائلی جھگڑوں کی روک تھام میں پولیس اپنا کردار بخوبی انجام دے۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ صوبے کے تمام داخلی و خارجی راستوں اور ٹرائی جنکشن بارڈر پر کڑی نگرانی،چیکنگ اور ویڈیو ریکارڈنگ کے عمل کو تھانوں کی سطح پر ممکن بنایا جائے۔

انہوں نے بلدیاتی الیکشن کے موقع پر پولیس کا کردار قابل تعریف اور لائق ستائش قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ چند ایک علاقوں کے علاوہ کہیں کسی علاقے میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا۔لہٰذا پولیس ماضی کے تجربات کو مدنظر رکھتے ہوئے بلدیاتی الیکشن کے دوسرے مرحلےمیں سیکیورٹی کو مذید ہائی الرٹ اور غیر معمولی بنائے۔

اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی کراچی،ڈی زونل ڈی آئی جیز، ضلعی ایس ایس پیز کراچی،ایس ایس پیز اسپیشل برانچ سندھ نے براہ راست جبکہ حیدرآباد، سکھر،شہید بینظیر آباد،لاڑکانہ اور میرپورخاص رینج کے ڈی آئی جیز وضلعی ایس ایس پیز کے علاوہ ایس ایس پیز اسپیشل برانچ نے ذریعہ ویڈیولنک بھی شرکت کی۔

-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021 99212639

ٹکرز برائے الیکٹرانک میڈیا

کراچی05جولائی2022؛۔

- آئی جی سندھ کی زیر صدارت صوبے بھر میں امن وامان کی صورتحال پر اعلیٰ سطحی اجلاس۔
- عیدالاضحٰی کے موقع پر سادہ لباس اہلکاروں کو خصوصی ذمہ داریاں تفویض کی جائیں۔ آئی جی سندھ
- موٹرسائیکل،کار اسنچنگ/تھیفٹ، ہاوس رابریز،اسٹریٹ کرائمز اور ڈکیتی جیسی وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاریوں میں اسپیشل برانچ کے کردار کو یقینی بنایا جائے۔ آئی جی سندھ
- موٹرسائیکل لفٹنگ میں ملوث ملزمان/گروہوں کی نشاندہی پر مشتمل فہرست پر ابتک پولیس نے کیا کاروائی کی بتایا جائے۔ غلام نبی میمن
- منشیات فروش ملزمان اور گروہوں کی یقینی گرفتاری اور ایسے کیسز کی مؤثر تفتیش کی بدولت انہیں مثالی سزاؤں کے عمل کو یقینی بنایا جائے۔آئی جی سندھ
- ہاوس رابریز میں ملوث ملزمان کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے۔ آئی جی سندھ
- ڈیوٹی وقت پر جوائن کریں، عوام کو وقت دیں اور انکے مسائل کو حل کریں۔ آئی جی سندھ
- ایف آئی آرز کی فری رجسٹریشن کو یقینی بنائیں اور عدم اندراج یا تاخیری حربوں پر متعلقہ ایس ایچ اوز کو شوکاز نوٹسز جاری کیئے جائیں۔غلام نبی میمن
- جھوٹی ایف آئی آرز کے اندراج کو ختم کیا جائے۔بصورتِ دیگر مدعی مقدمہ اور اندراج کنندہ پولیس آفیسر کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی کی جائے۔
- مقدمات کی تفتیش کے معیار کو مزید بہتر اور نتیجہ خیز بنایا جائے۔ غلام نبی میمن
- سندھ بھر سے منظم بدعنوانی اور تھانہ بیٹ کلچر کو ختم کیا جائے۔ غلام نبی میمن
- قبائلی جھگڑوں کی روک تھام میں پولیس اپنا کردار بخوبی انجام دیں۔ آئی جی سندھ
- بلدیاتی الیکشن کے موقع پر پولیس کا کردار قابلِ تعریف اور لائقِ ستائش ہے۔ آئی جی سندھ
- چند ایک علاقوں کے علاوہ کہیں کسی علاقے میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا۔آئی جی سندھ
- ماضی کے تجربات کو مدنظر رکھتے ہوئے بلدیاتی الیکشن کے دوسرے مرحلے میں سیکیورٹی کو مزید ہائی الرٹ اور غیر معمولی بنایا جائے۔غلام نبی میمن

-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-